© rasailojaraid.com



سر انجام دے رہے ہیں۔

**بین الاقوامی پریس کے نمائندوں کی دار العلوم آمد** 18 اکتوبر کو بی بی سی کے بیورو چیف اور ''دی نیوز'' اخبار پشاور کے ایڈیٹر جناب رحیم اللہ یوسفزئی صاحب بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کیساتھ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ملنے اور دار العلوم دیکھنے کیلئے یہاں تشریف لائے آپ کے ہمراہ انگلینڈ کے مشہور ترین روزنامہ The Guardian کے نمائندے اور فرانس کے معروف اخبار Le Monde دہلی کے بیورو چیف اور لاس اینجلس ٹائمز کے نمائندے تھے۔انہوں نے کئی گھنٹے مولانا صاحب سے انکی رہائش گاہ پر ملک کی تازہ ترین صورت حال اور افغانستان کے مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی۔ پھر 19 اکتوبر کو اسلام آباد سے مشہور صحافی طلعت حسین صاحب جو نوائے وقت اور نیشن کے کالم نگار بھی ہیں اور ٹیلی ویژن کے پروگرام ''سویرے سویرے'' کے میزبان بھی ہیں تشریف لائے۔انکے ساتھ انگلینڈ ،امریکہ ،آسٹریلیا اور کینیڈا کے مشہور اخبارات اور جرائد کے نمائندے شامل تھے۔انہوں نے بھی مولانا سے پاکستان ،افغانستان اور اسامہ بن لادن کے بارے میں تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کئے اور طلباء سے بات چیت کی۔

**ماہنامہ الفاروق کے ایڈیٹر مولانا عبید اللہ خالد اور دیگر معزز مہمانوں کی دار العلوم آمد** : دار العلوم فاروقیہ کراچی کے ماہنامہ ''الفاروق'' کے مدیر حضرت مولانا عبید اللہ خالد صاحب اپنے ساتھیوں سمیت دار العلوم تشریف لائے۔ آپ کا یہ دورہ تبلیغی نوعیت کا تھا۔ آپ نے تقریباً دس دن دار العلوم اور اکوڑہ خٹک کی مختلف مساجد میں قیام کیا۔ دار العلوم میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ مولانا انوار الحق صاحب، اور مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب اور مولانا ابراہیم فانی صاحب کے ساتھ آپکی تفصیلی ملاقاتیں ہوئیں۔ آپ نے ایوان شریعت میں دورہ حدیث کے طلباء سے بھی دعوتی خطاب کیا۔ کئی طلباء نے ایک سال کے لئے اپنے آپ کو اس سلسلے میں وقف کیا۔ ان دس دنوں میں دار العلوم کے جید استاد مولانا حافظ شوکت علی صاحب اپنے شاگردوں کیساتھ آپ کی خدمت میں مصروف رہے۔ اسی طرح گزشتہ ہفتے (ر) جنرل تجمل حسین صاحب حضرت مہتمم صاحب سے ملنے دار العلوم تشریف لائے۔ جنرل صاحب مجاہد، نڈر، دین اور علماء سے محبت کرنے



© rasailojaraid.com